
# Thuraya SatSleeve


استعمال کنندہ کی رہنما|انگریزی

Thuraya SatSleeve منتخب کرنے کا شکریہ!
SatSleeve سے آپ اپنے سمارٹ فون کو سیٹلائیٹ موڈ میں استعمال کر سکتے ہیں۔
اب آپ اپنے سمارٹ فون کے زمینی نیٹ ورک کنکشن کے نہ ہونے کی صورت میں
بھی کالز، ٹیکسٹ میسیجز، ای میلز، سوشل میڈیا اور ایپس کو استعمال کر سکتے ہیں۔
مندرجہ ذیل ہدایت نامہ برائے صارف میں Thuraya SatSleeve استعمال کرنے
کے متعلق اہم اور مفید معلومات شامل ہے۔ اپنا آلہ استعمال کرنے سے پہلے اسے
دھیان سے پڑھیں۔


## اپنے SatSleeve کے ڈبّے کے اندر




بنیادی سیٹلائٹ یونٹ




Galaxy S4 اڈاپٹر



بیٹری




یو ایس بی ڈیٹا کیبل



یونیورسل ٹریول چارجر

# پرزوں کی وضاحتیں


| نمبر | پرزوں کی تفصیل |
|---|---|
| 1 | پاور آن/آف بٹن |
| 2 | حالت نشاندہی بتی |
| 3 | ایئر پیس |
| 4 | لاؤڈ اسپیکر |
| 5 | Bluetooth جوڑی بنانے کا بٹن |
| 6 | چارجر جیک |
| 7 | انٹینا |
| 8 | کال کے دوران ہاتھوں کو فارغ رکھنے کیلئے مائیکروفون |
| 9 | سم کارڈ ہولڈر |
| 10 | مائیکرو یو ایس بی جیک |
| 11 | اڈاپٹر لاک |
| 12 | ایئر فون جیک |
| 13 | مائیکروفون |



## تیاری

Thuraya SatSleeve سیٹلائٹ کے ذریعے مواصلت کا استعمال کرتا ہے، جس کے لئے کسی Thuraya سیٹلائٹ تک سیدھ برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔ بہترین کنکشن کے لئے برائے مہربانی مندرجہ ذیل کا خیال رکھیں:

- لمبی عمارتیں لمبے درخت اور پہاڑ سیٹلائٹ کی سیدھ کی راہ میں رکاوٹ بن سکتے ہیں۔
- سیٹلائٹ نیٹورک کے ساتھ متصل ہونے کے لئے، SatSleeve کو پہلے GPS کے مقام کا ڈیٹا موصول کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آلے SatSleeve کو کسی نئے مقام پر استعمال کیا جائے تو اس میں کئی منٹ کا وقت لگ سکتا ہے۔
- SatSleeve کو استعمال کرتے وقت اینٹینا کو ہمیشہ پوری طرح باہر نکال کر رکھیں۔



## استعمال کرنے کا طریقہ:


### SatSleeve کا ایپلیکیشن استعمال کرنا

اپنے سمارٹ فون کے ساتھ Thuraya SatSleeve کو استعمال کرنے کے لیے آپ کو Thuraya SatSleeve کی ایپ کو مفت ڈاؤنلوڈ کرنا ہو گا۔ براہ مہربانی اپنے سمارٹ فون پر Google Play Store میں Thuraya SatSleeve ایپ کو تلاش کر کے اس ایپلیکیشن کی انسٹال کریں۔




### سم کارڈ ڈالنا

Thuraya سیٹلائٹ نیٹ ورک کے ساتھ منسلک ہونے کے لیے سم کارڈ ضروری ہے۔ بیٹری ڈال کر Thuraya SatSleeve کو آن کرنے سے پہلے تسلی کر لیں کہ آپ نے سم کارڈ ڈال دیا ہے۔




### بیٹری ڈالنا

Thuraya SatSleeve کے بیٹری کے کور کو نیچے کی طرف دھکیل کر (1) اور نیچے کھسکا کر (2) نکالیں۔




بیٹری کو اوپری حصے سے ڈالیں۔ جب بیٹری جگہ پر لگ جائے تو بیٹری کا کور واپس لگادیں۔





**انتباہ**

اگر بیٹری کسی اور قسم کی بیٹری سے تبدیل کی جائے تو دھماکے کا خطرہ ہے۔ استعمال شدہ بیٹریز کو ہدایات کے مطابق تلف کریں۔


## اپنے سمارٹ فون کو SatSleeve میں داخل کرنا

① اپنے سمارٹ فون کو اڈاپٹر کے نچلے حصے میں لگائیں اور فون کے اوپر والے حصے کو اس کے اندر دبائیں۔






② ڈوکنگ اڈاپٹر کے نچلے سرے کو SatSleeve میں یونٹ پر لگی نارنجی لکیر کی سیدھ میں لائیں۔ ڈوکنگ اڈاپٹر کو نیچے کی طرف سلائیڈ کریں یہاں تک کہ آپ کو ایک کلک سنائی دے۔




## SatSleeve سے اپنے سمارٹ فون کو نکالنا

① سمارٹ فون کو پکڑ کر نیچے دکھائے گئے طریقے کے مطابق اوپر کو کھینچیں۔




② سمارٹ فون کو آہستہ سے باہر کی جانب کھینچ لیں۔



## Thuraya SatSleeve آن کرنا

Thuraya SatSleeve کو آن کرنے کے لئے تقریبا 2 سیکنڈ کے لئے پاور کے بٹن کو نیچے کی طرف دبائیں اور پکڑ کر رکھیں۔ نیلی بتیاں جھلملانے لگیں گی اور آپ کو ہلکی آواز بھی آئے گی۔ Thuraya SatSleeve اب آپ کے سمارٹ فون کے ساتھ جڑنے کے لئے تیار ہے۔



SatSleeve کو بند کرنے کے لئے، پاور کے بٹن کو تقریبا 2 سیکنڈ کے لئے نیچے کی طرف دبا کر رکھیں جب تک کہ تمام لال بتیاں نہ جھلملائیں اور آپ کو ہلکی آواز نہ سنائی دے۔

## SatSleeve استعمال کرنے کا طریقہ کار

اپنے سمارٹ فون پر سیٹلائٹ کی وضع فعال کرنے کے لئے آپ کو Bluetooth کے ذریعے اسے Thuraya SatSleeve کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ آلات کی جوڑی بنانے کے لئے مندرجہ ذیل مراحل پر عمل کریں:

① اپنے Samsung Galaxy پر Bluetooth کو فعال کرنے کے لیے **سیٹنگز** < **Bluetooth** < **آن** پر جائیں

② 'دستیاب آلات' کی فہرست سے مثال کے طور پر SAT0000000 کو منتخب کریں۔


③ Bluetooth کی جوڑی بنانے کی درخواست پر **ٹھیک ہے** کا انتخاب کریں۔

④ SatSleeve کا ایپلیکیشن کھولیں۔


⑤ SatSleeve کو اپنے Samsung Galaxy کے منسلک کرنے کے لیے مثال کے طور پر SAT0000000 کا انتخاب کریں۔

**نوٹ**

اگر دونوں آلات کو خودکار طور پر جوڑا نہ جاسکے تو SatSleeve کے پچھلے حصے پر Bluetooth جوڑنے کے بٹن کو کسی قلم یا پیپر کلپ جیسے نوکدار شے سے دبائیں جب تک کہ SatSleeve فون میں موجود آلات کی فہرست میں نظر نہ آ جائے۔




## موبائل اسکرین کا جائزہ





## سیٹلائٹ وضع میں کال کرنا

فون ٹیب پر آپ کوئی فون نمبر براہ راست درج کر سکتے ہیں یا سمارٹ فون کے روابط میں سے کسی فون نمبر کا انتخاب کر سکتے ہیں۔



## سمارٹ فون کے بغیر SOS کال

SatSleeve سے آپ اپنے پاس سمارٹ فون کے نہ ہوتے ہوئے بھی کال کر اور سن سکتے ہیں۔ SOS کال کا بٹن مرکزی یونٹ اور ڈوکنگ ایڈاپٹر کے درمیان واقع ہے۔



### SOS نمبر سیٹ کرنا

① اسکرین کے نچلے حصے پر موجود **سیٹنگز** منتخب کریں۔

② **کال** > **SOS نمبر** ٹیپ کریں۔

③ SatSleeve پر وہ نمبر درج کریں جسے آپ ایمرجنسی کے نمبر کے طور پر سیٹ کرنا چاہتے ہیں۔

④ **مکمل** ٹیپ کریں۔




**نوٹ**

اگر کوئی ایمرجنسی نمبر محفوظ نہیں کیا گیا تو SOS کا بٹن آپ کی ٹیپ سے مراد دبانا یا کلک کرنا۔ آپ نے کوئی سم کارڈ ڈالا ہوا ہو۔


## پیغام بھیجنا

① **پیغامات کے ٹیب کو** ٹیپ کریں

② کوئی فون نمبر درج کریں یا اپنے رابطوں میں سے کسی فون نمبر کا انتخاب کریں۔

③ پیغام درج کریں۔

④ **بھیجیں** پر ٹیپ کریں۔







## رابطوں کا انتظام کرنا


Thuraya SatSleeve ایپلیکیشن کو استعمال کرتے ہوئے آپ کے پاس اپنے سمارٹ فون پر تمام رابطوں تک رسائی ہو گی۔ اگر آپ Thuraya SatSleeve میں کوئی نیا رابطہ بناتے ہیں تو وہ رابطہ آپ کے فون پر محفوظ ہو جائے گا۔


### نیا رابطہ

① اسکرین کے نچلے حصے پر موجود **رابطوں** پر ٹیپ کریں۔

② **+** پر ٹیپ کریں۔

③ متعلقہ معلومات درج کریں اور **ہوگیا** پر ٹیپ کریں۔



## سیٹلائیٹ ڈیٹا کو اپنے سمارٹ فون پر استعمال کرنے کا طریقہ

آپ اپنی SatSleeve ایپ میں سیٹلائیٹ ڈیٹا کو آن کر کے اپنے سمارٹ فون پر بذریعہ سیٹلائیٹ ای میل، انسٹنٹ میسجنگ، سوشل میڈیا اور سمارٹ فون کی ایپس کو استعمال کر سکتے ہیں۔


① **مزید** ٹیپ کریں۔

② **سیٹلائیٹ ڈیٹا** پر ٹیپ کریں۔

③ سیٹلائیٹ ڈیٹا کو فعال کرنے اور Wi-Fi کے لیے ایک نقطہ رسائی بنانے کے لیے **آن** پر ٹیپ کریں۔
*(اختیاری: آپ ایس ایس آئی ڈی، پاس ورڈ، اور سیکیورٹی کی قِسم تبدیل کر سکتے ہیں)*

④ SatSleeve ایپلیکیشن سے باہر نکلیں، اپنے Samsung Galaxy میں سیٹنگز پر جائیں اور Wi-Fi کو آن کریں، پھر اپنے فون کو SatSleeve سے منسلک کرنے کے لیے نیٹ ورک کی فہرست میں سے اپنے SatSleeve کا انتخاب کریں۔
(اس کا پہلے سے اندراج ڈیفالٹ پاس ورڈ 12345678 ہے)۔

⑤ آپ کا Samsung Galaxy اب سیٹلائٹ موڈ میں ڈیٹا استعمال کرنے کے لیے تیار ہے۔




**نوٹ**

مستحکم وائی فائی کنکشن کیلئے SatSleeve کو ایک وقت میں صرف ایک آلے کے ساتھ منسلک کیا جا سکتا ہے۔

## سیٹنگز

### ٹولز

آپ سیٹلائیٹ ڈیٹا کو فعال کر کے SSID، پاس ورڈ اور Wi-Fi نیٹ ورک کے سیکیورٹی کے طریقے کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ GPS کے فنکشن سے آپ اپنے موجودہ کوارڈینیٹس کو دیکھیں اور ان کو بذریعہ SMS بھیج سکتے ہیں۔

### فون کی سیٹنگز

اپنے SatSleeve کی کالز، پیغامات، Bluetooth اور آوازوں کی ترتیبات ایڈجسٹ کریں۔

### نیٹ ورک کی سیٹنگز

نیٹورک کے اختیارات اور نیٹورک کی ترجیحات منتخب کریں۔


### ایڈوانسڈ

آپ پن کوڈ اور بندش کا کوڈ فعال کرسکتے ہیں اور تبدیل کرسکتے ہیں اور بند صارف کا گروپ سیٹ کرسکتے ہیں۔ آپ IMEI نمبر، ایپ ورژن، اور فرم ویئر ورژن سمیت آلے کے متعلق معلومات کو چیک کر سکتے ہیں۔ فیکٹری ری سیٹ (Reset) سے پہلے سے اندراج شدہ سیٹنگز دوبارہ لاگو ہو جائیں گی۔

## بیٹری چارج کرنا

### SatSleeve کو چارج کرنا

چارجر کو SatSleeve کے بائیں طرف نچلے حصے میں لگائیں۔



## اختیاری: پی سی یا لیپ ٹاپ کو SatSleeve کے ساتھ منسلک کرنا

SatSleeve کو یو ایس بی ڈیٹا کیبل کے ساتھ منسلک کرنے سے یہ آپ کو اپنے لیپ ٹاپ یا پی سی پر انٹرنیٹ اور ای میل بھی استعمال کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

### یو ایس بی ڈرائیور کی تنصیب کرنا

① Thuraya کی ویب سائٹ (www.thuraya.com/support) سے SatSleeve یو ایس بی ڈرائیور ڈاؤن لوڈ کریں

② اپنے پی سی یا لیپ ٹاپ ڈرائیور کی تنصیب کریں۔

③ SatSleeve کو آن کریں اور اس کو یو ایس بی کیبل کے ساتھ پی سی یا لیپ ٹاپ کے ساتھ منسلک کریں۔

### پی سی/لیپ ٹاپ پر SatSleeve موڈیم کی تنصیب کرنا

① منتخب کریں **اسٹارٹ** > **سیٹنگز** > **کنٹرول پینل** > **سسٹم** > **ہارڈوئیر** > **ڈیوائس منیجر**۔

② SatSleeve کی یو ایس بی سیریل پورٹ معلوم کریں (مثلاً۔ COM40)۔

③ منتخب کریں **اسٹارٹ** > **سیٹنگز** > **کنٹرول پینل** > **فون اور موڈیم**۔

④ موڈیمز کے ٹیب کو منتخب کریں اور **ایڈ** کا بٹن دبائیں۔

⑤ **"میرے موڈیم کی شناخت نہ کریں؛ میں فہرست میں سے منتخب کروں گا۔"** کے خانہ پر نشان لگائیں اور **اگلا** کا بٹن دبائیں۔

⑥ منتخب کریں اور دبائیں **اسٹینڈرڈ 56000 بی پی ایس موڈیم** اور **اگلا** کا بٹن دبائیں۔

⑦ وہ یو ایس بی سیریل پورٹ منتخب کریں جس پر آپ نے مرحلہ 2 میں نشان لگایا تھا اور **اگلا** کا بٹن دبائیں۔

⑧ جب موڈیم کی تنصیب مکمل ہو جائے، تو **اگلا** کا بٹن دبائیں۔

### ڈائل اپ کنکشن کی تخلیق کرنا

① منتخب کریں **اسٹارٹ** > **سیٹنگز** > **کنٹرول پینل** > **نیٹ ورک اینڈ شیئرنگ سنٹر**۔

② **ایک نیا کنکشن یا نیٹ ورک بنائیں** کو منتخب کریں اور دبائیں۔

③ **ڈائل اپ کنکشن بنائیں** کو منتخب کریں اور دبائیں اور اس کے بعد **اگلا** کا بٹن دبائیں۔

④ ڈائل اپ فون نمبر کیلئے دی گئی جگہ پر **#99* درج کریں۔ آپ کو یوزر نیم اور پاس ورڈ درج کرنے کی ضرورت نہیں۔**

⑤ کنکشن کا نام درج کریں اور **منسلک ہوں** کا بٹن دبائیں۔

⑥ نئے بنائے گئے ڈائل اپ کنکشن کے ذریعے انٹرنیٹ استعمال کریں۔

## مسئلے اور ان کے حل

| مسئلہ | حل |
|---|---|
| Bluetooth کے ساتھ جوڑی نہیں بنائی جارہی ہے | جوڑی بنانے والے بٹن کو 5 سیکنڈ تک دبا کر دیکھیں۔ صفحہ نمبر 9 سے رجوع کریں۔ |
| کال کرنے یا موصول کرنے سے قاصر۔ | اینٹینا کو پوری طرح باہر نکال لیں اور دیکھیں کہ آپ کے پاس ضروری نیٹ ورک کوریج دستیاب ہے یا نہیں۔ صفحہ نمبر 4 سے رجوع کریں۔ |
| رنگ ٹون سننے سے قاصر | کیا SatSleeve کی ایپلیکیشن فعال ہے؟ اگر ایپلیکیشن نہیں چل رہا ہے، آنے والی کالوں یا پیغامات کے لئے وائبریشن ہوگا۔ |
| بیٹری چارج نہیں ہورہی ہے۔ | دیکھیں کہ چارجر SatSleeve میں مضبوطی سے لگا ہوا ہے۔ |
| فون پر صرف ایمرجنسی نظر آ رہا ہے۔ | دیکھیں کے سم کارڈ گندا یا ٹوٹا ہوا تو نہیں Your SIM card must be active. If you are abroad, roaming service must be enabled when using a non-Thuraya SIM card in the SatSleeve. |
| کوئی نیٹورک نہیں | براہ مہربانی تسلی کر لیں کہ بلند عمارتیں، درخت یا پہاڑ سیٹلائیٹ کی سیدھ کی راہ میں رکاوٹ تو نہیں بن رہے۔ |

| مسئلہ | حل |
|---|---|
| سیٹلائٹ موڈ میں کالز اس وقت منقطع ہو جاتی ہیں جب جی ایس ایم یا 3جی کی کوئی کال موصول کی جا رہی ہو۔ | Satsleeve کی ساخت کچھ اس طرح رکھی گئی ہے کہ وہ جی ایس ایم یا 3جی کی کالز کو ترجیح دے۔ لہٰذا، اگر ایک سیٹلائٹ کال ہو رہی ہو اور اس کے دوران جی ایس ایم یا 3جی کال آجائے تو، سیٹلائٹ کی کال منقطع ہو جائے گی۔ |
| SatSleeve کے وائی فائی نیٹ ورک میں شامل نہیں ہو پا رہے۔ | دیکھیں کہ SatSleeve کی ایپ اور آپ کے فون میں Wi-Fi کا پاس ورڈ ایک ہی ہے۔ |

## سند کی معلومات (SAR)

### یہ آلہ ریڈیائی لہروں کے ساتھ رابطے کے متعلق بین الاقوامی رہنما اصولوں کی تعمیل کرتا ہے

آپ کا وائرلیس SatSleeve فون ایک ریڈیو ٹرانسمیٹر اور ریسیور ہے۔ یہ بین الاقوامی رہنما اصول (ICNIRP) کی تجویز کردہ ریڈیو فریکوینسی کے ساتھ رابطے کی حدود نہ تجاوز کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔ یہ حدود جامع رہنما اصول کا حصہ ہیں اور ان کے ذریعے عوام کے لئے RF توانائی کی مجاز حدود قائم کی گئیں ہیں۔ ان رہنما اصولوں میں تمام افراد، بلانظر ان کی عمر اور صحت، کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے قابل قدر سلامتی کی گنجائش موجود ہے۔ موبائل آلآت کے لئے رابطے کے رہنما اصولوں میں مخصوص جذب کرنے کی شرح یا SAR نامی پیمائش کی اکائی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ICNIRP کے رہنما اصولوں میں درج کردہ SAR کی حد دس گرام خلیوں پر اوسط لئے گئے 2.0 واٹ فی کلوگرام ہے۔ SAR کی جانچیں معیاری استعمال کے طریقہ کار کے ذریعے کی جاتی ہیں جب آلہ تمام جانچ شدہ فریکیوینسی بینڈ میں اعلی ترین توثیق شدہ پاور کی سطح پر ترسیل کررہا ہو۔ کسی زیر استعمال آلے کا حقیقی SAR زیادہ سے زیادہ حد سے کم ہوسکتا ہے کیونکہ آلہ صرف نیٹورک سے رابطہ کرنے کے لئے ضروری پاور استعمال کرنے کے لئے ہی بنایا گیا ہے۔ یہ قدر کئی عناصر کی وجہ سے مختلف ہوسکتی ہے، جیسے کہ کسی نیٹورک بیس اسٹیشن کے ساتھ فاصلہ۔ کان پر آلے کے استعمال کے متعلق ICNIRP کے رہنما اصول کے مطابق اعلی ترین SAR کی قدر 1.8 W/kg ہے، جو 10 گرام کے اوسط کے وزن میں 2.0 mW/g کی حد سے کم ہے۔ آلے کی اسیسریاں اور اضافہ جات کے استعمال کی وجہ سے SAR کے اقدار مختلف ہوسکتے ہیں۔ قومی رپورٹنگ اور جانچ کی ضروریات اور نیٹورک بینڈ کے لحاظ سے SAR کے اقدار مختلف ہوسکتے ہیں۔

### ⚠ انتباہ

یہ آلہ ریڈیو فریکوینسی کی توانائی پیدا کرتی ہے یا استعمال کرتی ہے۔ اس آلے میں کی جانے والی تبدیلیاں نقصان دہ مداخلت کا باعث بن سکتی ہیں، علاوہ اس صورت میں کہ اس ہدایت نامے میں واضح طور پر اجازت دی گئی ہو۔ غیرمجاز تبدیلی کرنے کی صورت میں صارف اس آلے کو استعمال کرنے کا اختیار کھو سکتا ہے۔

## RoHS

یہ مصنوعہ EU RoHS کے ضوابط کی تعمیل کرتا ہے اور اسے سیسے سے پاک سولڈر پیسٹ اور پرزوں سے تیار کیا گیا ہے۔

# ذمہ داری کو محدود کرنا

اس محدود ضمانت کو دیگر تمام ضمانتوں پر سبقت حاصل ہے، چاہے واضح کردہ ہوں یا اخذ کردہ، جن میں بغیر کسی پابندی کے، کسی مخصوص مقصود کے لئے فروخت کرنے کی قابلیت اور موزونیت کی اخذ کردہ ضمانتیں شامل ہیں۔ THURAYA مصنوعے کے استعمال یا استعمال کرنے سے قاصر ہونے، یا کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرنے کی وجہ سے کسی بھی نوعیت کے ضمنی، خصوصی، سزا یا طور پر یا نتیجے میں پیدا ہونے والے نقصانات، یا کسی قسم کی تاخیر، استعمال کرنے سے قاصر ہونا، وقت، نفع، فروخت، یا بچت، کسی قسم کا تجارتی نقصان، عدم سہولت، فاصلے، خریدنے والے یا کسی دوسرے شخص کی گاڑی یا کسی دوسرے املاک کو نقصان کی صورت میں استعمال کے لحاظ سے مناسب رقم کی کٹوتی کے بعد مصنوعے کی خرید کی قیمت سے زیادہ کسی بھی رقم کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

اس محدود ضمانت کے مطابق Thuraya کی تمام ذمہ داریاں اور فرائض یہاں درج قابل اطلاق ضمانت کی میعاد کے اختتام پر منسوخ ہوجائیں گی۔ اس محدود ضمانت میں اس مصنوعے کے حوالے سے Thuraya کی مکمل ذمہ داری درج ہے۔ اس مصنوعے کے فروخت کے نتیجے میں Thuraya کی مزید کوئی ذمہ داریاں نہیں ہیں، چاہے وہ ضمانت، معاہدے، بے توجہی یا ذمہ داریوں کی دوسری متنوں پر مبنی ہوں۔ کسی بھی صورت میں، Thuraya یہاں درج کردہ نقائص کی اصلاح کے اخراجات سے تجاوز نہیں کرے گا۔ اس محدود ضمانت کے متعلق خریدار کو خصوصی قانونی حقوق حاصل ہیں، اور خریدار کو علاقے کے لحاظ سے دیگر حقوق بھی حاصل ہوسکتے ہیں۔

CE 1177 Asia Pacific Satellite communications Inc (APSI) بذریعہ ہذا اعلان کرتے ہیں کہ SatSleeve ڈائریکٹیو EC/1999/5 اور EU RoHS کے ضروریات اور دیگر متعلقہ ضوابط کے مطابق ہے۔ پہیے والے ڈبے پر کٹے ہوئے نشان کا مطلب ہے کہ یورپی اتحاد کے اندر مصنوعے کو اس کی زندگی کی اختتام پر علیحدہ جمع کاری کی ضرورت ہے۔ ان مصنوعات کی نکاسی غیرترتیب شدہ میونسپل فضلے کے طور پر نہ کریں۔

THURAYA کا ٹریڈمارک Thuraya Telecommunications Company کا واحد اور بلاشرکت غیر جائداد ہے۔

کاپی رائٹ © 2013 Thuraya Telecommunications Company. تمام حقوق محفوظ ہیں

یہ ہدایت نامہ برائے صارف Thuraya Telecommunications Company نے بغیر کسی ضمانت کے شائع کیا ہے۔ Thuraya Telecommunications Company اس ہدایت نامے میں بیان کردہ کسی بھی مصنوعے میں بغیر پیشگی اطلاع کے تبدیلیاں اور بہترین لانے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

کوریا میں شائع کردہ